مومیائی

خون پیدا کرتی اور قوت بڑہاتی ہی۔ ابتدائی سل و
دق، دمہ، کھانسی، ریزش، اور کمزوری سینہ کو
کو رفع کرتی ہی۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے
بدن کو فربہ اور ہڈیوں کو مضبوط کرتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جنکی کمر میں درد ہو،
انکے لئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مجامعت کے بعد استعمال
کرنے سے پہلی طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اسکا معمولی کرشمہ ہے۔
چوٹ لگجائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد، عورت، بچے، بوڑہے
اور جوان یکساں مفید ہے ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال
ہوسکتی ہے ایک چھٹانک سے کم روانہ نہ ہوگی۔ قیمت فی چھٹانک ایکروپیہ بارہ آنہ ۱۲ آر
آدھ پاؤ تین روپیہ چھ آنہ، پاؤ بھر چھ روپیہ معہ محصولڈاک۔ ممالک غیر سے محصول علاوہ۔

بیشمار شہادتوں میں سے بطور نمونہ چند معزز حکماء کی شہادتیں

جناب حکیم محمد شریف صاحب بانکی پور سے لکھتے ہیں:۔ میں آپکی مومیائی مدت سے منگواتا ہوں اور یہ دوا ہماری مطب میں داخل ہے۔ اسمیں شبہ نہیں۔ کہ ضعف و نقاہت میں جادو کا اثر دکھاتی ہے اور امراض میں مناسب مزاج ہونیپر فعل اچھا کرتی ہے۔ جناب مولوی حکیم محمد ثناء اللہ صاحب مؤناتھ بھنجن سے لکھتے ہیں:۔ جناب کی تیار کردہ مومیائی اکثر منگاتا ہوں۔ اسکے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ میرے تجربہ میں آپکی تحریر کردہ امراض میں مفید ثابت ہوئی۔ اسیوجہ سے سہل اور مفید دوا کے خواہشمندوں کو بتلا دینے کے علاوہ اکثر منگوا دیا کرتا ہوں۔ جناب حکیم ابو عبد الرحمن محمد اکبر صاحب ادعلی سے لکھتے ہیں۔ آپکے کارخانہ سے تین بار مومیائی منگوائی تھی بمفید پائی۔ جریان، درد کمر، اور ضعف باہ کے مریضوں کو اس سے حکیم مطلق نے شفا بخشی۔ ایکپاؤ اور بھیجدیں۔ جناب حکیم محمد حیات صاحب سول کمشنر فیروزپور سے لکھتے ہیں: اس سے پہلے بھی پاؤ بھر مومیائی آپکے کارخانہ سے ایکمریض کیلئے جو ابتدائی سل میں مبتلا تھا منگوائی گئی تھی جس سے اسکو پورا فائدہ ہوا چونکہ اب ایسا ہی ایک اور مریض میرے زیر علاج ہی اسلئے پاؤ بھر مومیائی اور ارسال فرما دیں۔

هو الله الذی لا اله الا هو عالم الغیب والشہادۃ هو الرحمن الرحیم
صلی اللہ علی النبی الامی

دریں زمان میمنت اقتران سعادت توامان کتاب لاجواب

المو سوم بہ

۱۲۹۹ع

چہل حدیث

مشتمل بر

نو دو نہ ۹۹ نام باری تعالی و تقدس و دو صد و یک ۲۰۱ اسمائے گرامی
حضرت سیدنا و شفیعنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

از مولفات جدید

سراپا عیوب کثیر الذنوب خاکسار محمد یعقوب اسرائیلی علی گڑھی
غفر اللہ لہ و لوالدیہ

باہتمام محمد مقتدی خاں شروانی

در مطبع مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چہل حدیث

الحمد للہ لولیہ والصلوٰۃ علیٰ نبیہ امابعد فرمایا جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ واتباعہ وسلم نے کہ جس شخص نے دین کے معاملہ میں مجھ سے چالیس حدیثیں روایت کیں وہ قیامت کے دن گروہِ علماء اور زمرۂ فقہاء میں محشور ہوگا اور بروز قیامت میں اُس کا سفارش کرنے والا اور گواہ بنونگا جیسا کہ ارشاد فرمایا ہے۔

من حفظ علی امتی اربعین حدیثاً فی امر دینہا بعثہ اللہ تعالیٰ فقیہاً وکنت لہ یوم القیٰمۃ شافعاً وشہیداً۔ (رواہ البیہقی)

لہذا ذرّۂ بے مقدار خاکسار محمد یعقوب اسرائیلی جو ایک بڑے خاندانِ علمی کے ساتھ توسل رکھنے والا ہے مگر اپنی ناقابلیت ذاتی کے وجہ سے بفحوائے بدنام کنندۂ نکو نامے چند ... پڑھے لکھوں کے نام کا بدنام کرنے والا او

کہ شاید اللہ تبارک و تعالیٰ مجھ ناچیز کو اپنے رسول مختار کے وعدہ کے بموجب اسی حیلہ سے قیامت کے دن علما کی زمرہ میں شمار کر کے میرے خاندان علمی کے ساتھ محشور فرمائے اور اُس کے حبیب پاک صاحب لولاک مجھ گنہگار کی سفارش کرنے والے اور میرے گواہ بن جائیں۔ یہ چالیس حدیثیں میں نے مختلف کتابوں سے جمع کی ہیں۔ میری دعا ہے کہ مجھے اور ان کے یاد کرنے والوں اور پڑھنے والوں کو ان سے نفع پہنچائے اور ان کی برکت سے ہم سب کی تکالیف اور مشکلات دور ہوں۔ آمین اللھم آمین

اللھم اجعل خیر عمری آخرہٗ والحمد للہ اولاً و آخراً

وھا انا اشرع فی المقصود متوکلاً علی اللہ المعبود

چہل حدیث

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نمبر شمار	متن حدیث	ترجمہ حدیث	افادات
۱	افضل الذکر لا الٰہ الا اللہ وافضل الدعاء الحمد للہ	لا الٰہ الا اللہ کا ذکر جمیع اذکار سے افضل ہے اور اور تمام دعاؤں میں الحمد للہ سب سے افضل دعا ہے	
۲	افضل الکلام اربع سبحان اللہ	تمام کلمات میں سے چار کلمے افضل ہیں یعنی سبحان اللہ	

	والله اکبر	سب کلموں سے زیادہ افضل ہیں	
۳	من قال سبحان الله وبحمده فی یوم مائة مرة حطت خطایاه وان کان مثل زبد البحر	جس شخص نے تمام دن میں سو مرتبہ سبحان الله وبحمده کا ورد کیا تو دُور ہوگئیں خطائیں اُس کی اگرچہ وہ دریا کے جھاگوں کی مثل ہوں	
۴	من قال سبحان الله العظیم وبحمده غرست له نخلة فی الجنة	جس شخص نے سبحان الله العظیم و بحمده کہا گویا کہ اُس کے لئے نصب ہوگیا ایک درخت جنت میں	
۵	بنی الاسلام علی خمس شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا عبده ورسوله و اقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة والحج وصوم رمضان	پانچ چیزوں پر اسلام کی بنا ہے اول اوّل گواہی دینا اس امر کی کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے ذات خداوندی کے اور محمد بندے اُسکے ہیں اور رسول اُسکے ہیں دوسرے قائم کرنا نماز کا ۳ ادا کرنا زکوٰۃ کا ۴ ادا کرنا حج کا ۵ روزے ماہ رمضان کے	
۶	لا یومن احدکم حتی اکون احب الیه من والده و ولده والناس اجمعین	نہیں مومن ہوگا کوئی تم میں سے جب تک کہ میں اُس کی اولاد اور باپ اور تمام آدمیوں سے اُس کے نزدیک محبوب نہوں	
۷	المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده	جس شخص کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان محفوظ رہیں (اللہ کے نزدیک) وہی مسلمان ہے	۷- ہاتھ کی ایذا مارنا اور پیٹنا ہے اور زبان کی ایذا یہ ہے کہ کسی کی غیبت کرے عیب گوئی کرے چغل خوری کرکے دو مسلمانوں کو آپس میں
۸	ذاق طعم الایمان من رضی	جو شخص اللہ کی ربوبیت پر اور محمد صلعم کی رسالت	

	ویمحمد رسولاً	ایمان کا مزا چکھ لیا	
۹	من مات وهو يعلم انه لا اله الا الله دخل الجنة	جو شخص مرتے وقت یہ بات جانتا ہو کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے ذات خداوندی کے وہ داخل ہوا جنت میں	
۱۰	من كان آخر كلامه لا اله الا الله دخل الجنة	جس شخص کا مرتے وقت آخر کلام لا الہ الا اللہ ہو وہ جنت میں داخل ہو گیا	
۱۱	مثل الذي يذكر ربه والذي لا يذكر مثل الحي والميت	ذاکر اور غیر ذاکر میں اتنا فرق ہے جیسا کہ زندے اور مردے میں	
۱۲	جاء اعرابي الى النبي صلعم فقال اي الناس خير فقال طوبى لمن طال عمره وحسن عمله قال يا رسول الله اي الاعمال افضل قال ان تفارق الدنيا ولسانك رطب من ذكر الله	ایک اعرابی حضور صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ یا رسول اللہ بہترین لوگوں میں سے آپ کے نزدیک کونسا شخص ہے حضور نے فرمایا خوشخبری ہو اس شخص کے لئے جس کی عمر طویل ہو اور اعمال اچھے ہوں پھر عرض کیا اس نے کہ یا رسول اللہ کون سے اعمال پسندیدہ ہیں تو فرمایا آپ نے کہ دنیا کو چھوڑتے وقت جس شخص کی زبان ذکر الٰہی سے تر ہو	
۱۳	المسلم مرآة المسلم	ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے آئینہ ہے	۱۳- یعنی اسکے روبرو تو اسکے عیوب ظاہر کرے اور پیٹھ پیچھے اس سے دل صاف رکھے
۱۴	استعينوا على الحوائج بالكتمان	مدد چاہو تم اپنی حاجتوں میں پوشیدگی کے ساتھ	۱۴- یعنی چپکے چپکے اس کی تدبیر میں رہو کہ شر حاسد سے

۱۵	اتقوا النار ولو بشق تمرة	دوزخ سے بچو آدھا چھوارہ دے کر ہی سہی	۱۵- اس حدیث میں مالداروں کو
۱۶	من عرف نفسه فقد عرف ربه ومن عرف ربه فقد كل لسانه	جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا۔ اس نے خدا کو بھی پہچان لیا اور جس نے خدا کو پہچان لیا گونگی ہوگئی زبان اس کی	اپنے غریب بھائیوں کے ساتھ امداد اور سلوک کرنے کی ترغیب در صدقہ اور خیرات کی فضیلت بیان کی گئی ہے
۱۷	عدة المومن كاخذ الكف	ایمان دار کا وعدہ ایسا ہوتا ہے جیسا ہاتھ کا پکڑ لینا۔	۱۷- جو مسلمان ہے وعدہ کرکے پورا نہ کرے وہ طریقہ اسلام سے پھرا ہوا ہے
۱۸	لا يحل لمومن ان يهجر اخاه فوق ثلثة ايام	حلال نہیں ہے ایماندار کو کہ اپنے بھائی مسلمان کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے	۱۸- کسی دنیا کے قصہ میں اگر تین روز آپس میں رنج رہے تو مضائقہ نہیں
۱۹	سيد القوم خادمهم	قوم کا سردار ہونے کے لائق وہی ہوتا ہے جو اس کی خدمت کرے	ہے۔ مگر اس سے زیادہ رنج رکھنا جائز
۲۰	من قتل دون ماله فهو شهيد	جو اپنے مال کے بچانے میں مارا جاوے تو وہ بھی شہید ہے	نہیں ہے اور اگر کسی دین کے عیب پر ایک مومن دوسرے مومن پر ناراض
۲۱	المرء مع من احب	انسان جس سے محبت رکھتا ہے اسی کے ساتھ ہوگا	ہوا ہے تو تا وقتیکہ وہ شخص اپنے اس
۲۲	ما هلك امرء عرف قدره	نہ ہلاک اور برباد ہوا وہ شخص جس نے اپنی حقیقت کو پہچان لیا	عیب کو نہ چھوڑ دے جائز ہے اس کے ترک سلام و پیام رکھنا حدیث
۲۳	اليد العليا خير من اليد السفلى	اوپر کا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے	میں آیا ہے الحب للہ والبغض للہ ۲۳- یعنی دینے والا سائل سے بہتر ہے
۲۴	لا يشكر الله من لا يشكر الناس	خدا کے حقوق کو بھی نہ مانے گا جس نے لوگوں کے احسانات کو فراموش کر دیا	
۲۵	المجالس ...	مجلس ... امانت داری کے ساتھ	۲۵- مجلس کی بات کی پاس ...

۲۶	شر الطعام طعام الوليمة يدعى لها الاغنياء و يترك الفقراء	بہت بُرا ہے ولیمہ کا وہ کھانا جس میں غریبوں کو (ذلیل سمجھکر) چھوڑا جاوے اور اغنیا بُلائے جائیں	۲۶ - جیسا کہ بالعموم آج کل کی دعوتوں میں دستور ہے کہ اغنیا کو خطوط اور آدمی بھیج بھیجکر طلب کیا جاتا ہے اور غریب بھائیوں کو بوجہ اُن کے افلاس کے اپنی دعوتوں میں شریک کرنے میں عار معلوم ہوتی ہے اور اگر بلا طلب کوئی غریب آجاوے تو اُس کو اُس کی شرکت سے روک دیا جاتا ہے اور اگر اتفاقیہ غریب و امیر ایک دسترخوان پر جمع ہو جائیں تو اُس وقت میزبان کی طرف سے کھانا اوتارنے میں تفریق کی جاتی ہے چنانچہ شریعت نے ایسے ہی کھانوں کو شر الطعام کے ساتھ تعبیر کیا ہے ایسے کھانوں میں اگر کوئی اللہ کا بندہ شریک نہ ہو تو اُس پر اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کا الزام ہرگز نہیں ہے
۲۷	من ترك الدعوة فقد عصى الله و رسوله	جس شخص نے دعوت مسنون کو قبول نہ کیا اُس نے خدا اور اُس کے رسول کی نافرمانی کی	
۲۸	الحمد راس الشكر ما شكر الله عبد لا يحمده	اصل شکر خدا کی حمد ہے پس جس شخص نے اُسکی حمد نہ کی اُس نے خدا کا شکر نہیں ادا کیا۔	
۲۹	لا حول ولا قوة الا بالله دواء من تسعة وتسعين داء ايسرها الهم	لا حول ولا قوۃ الا باللہ ۹۹ بیماریوں کی دوا ہے ادنیٰ درجہ اُن میں کا غم ہے	
۳۰	الناس كاسنان المشط	آدمی مثل کنگھی کے دندانوں کے ہیں (یعنی حقیقی خوبی اتفاق و یکجہتی میں ہے)	
۳۱	لا ايمان لمن لا امانة له ولا دين لمن لا عهد له	غیر متدین کا ایمان اور بدعہد کا کوئی دین نہیں ہے	
۳۲	من احب لله وابغض لله واعطى لله ومنع لله فقد استكمل الايمان	جو شخص کسی سے اللہ کے واسطے محبت کرتا اور اللہ کے واسطے بغض رکھتا ہے اللہ کے واسطے دیتا ہے اور اللہ کے واسطے روکتا ہے پس وہی مومن کامل ہے	

	من لا خلاق له في الآخرة	اُس سے محروم ہوگا	
۳۴	البسوا الثياب البيض فانها اطهر واطيب وكفنوا فيها موتاكم	سفید لباس پہنو اس لئے کہ وہ پاکیزہ اور پسندیدہ لباس ہے اور اپنے مردوں کو کفن بھی اُسی کا دیا کرو	
۳۵	خير السنن سنة محمد	سب طریقوں سے بہتر طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے	
۳۶	اشرف الحديث ذكر الله تعالیٰ	سب باتوں سے بہتر اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے	
۳۷	احسن القصص هذا القرآن	سب قصوں سے بہتر قصہ یہ قرآن پاک ہے	
۳۸	خير العلم ما نفع	بہتر علم وہ ہے جس سے مخلوق کو نفع پہونچے	اور جس علم سے مخلوق خدا کو نفع نہ پہنچے یعنی عالم ہو کر دوسروں کو دین کی تعلیم نہ دے مسئلہ نہ بتلاوے کوئی کتاب لکھکر مخلوق خدا کو نفع نہ پہنچائے وہ عالم کمثل الحمار يحمل اسفارا کا مصداق ہے
۳۹	اذا ابتليت بالقضاء فعليك بالاثر	جس وقت تم کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو تلاوت حدیث کی کیا کرو	یعنی حدیث نبوی کا پڑھنا شروع کردے کہ اُسکی برکت سے اُس بلا سے نجات پاوے
۴۰	قال اسم الله الاعظم في هاتين الآيتين الٰهكم اله واحد لا اله الا هو الرحمٰن الرحيم وفاتحة	اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے الٰہکم اله واحد لا اله الا هو الرحمٰن الرحیم میں اور شروع سورہ آل عمران میں	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للہ تعالیٰ تسعۃ وتسعین اسمًا مائۃً الا واحدۃ من احصاھا دخل الجنۃ متفق علیہ

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ننانوے نام ہیں یعنی ایک کم سو ہیں جو شخص اُن کو یاد کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بہا

اور اللہ کے واسطے نام ہیں اچھے ان ناموں کو وسیلہ کرو ان کر اُس سے دعا مانگو

اسماء	هو الله الذی لا اله الا هو الرحمن الرحیم			الحسنیٰ
نام	وہی ہے اللہ کہ نہیں ہے کوئی لائق پرستش کے مگر وہی بخشش کرنے والا مہربان			پاک
الملک	القدوس	السلام	المومن المهیمن	العزیز
بادشاہ	بہت پاک	بے عیب	امن دینے والا نگہبان	غالب بے مانند
الجبار	المتکبر	الخالق	الباری	المصور
نقصان کا پورا کرنیوالا	بزرگ و بے مانند	پیدا کرنے والا	پیدا کرنے والا خلق کا	صورت گر در ارحام
الغفار	القهار	الوهاب	الرزاق	الفتاح
بڑا بخشنے والا	غالب ہر چیز پر	بغیر عوض کے دینوالا	روزی دہندہ	کھولنے والا کاموں کا
العلیم	القابض	الباسط	الخافض	الرافع
جاننے والا ہر چیز کا	تنگ کرنے والا روزی کا	کشادہ کرنے والا	پست اور خوار کرنے والا	بلند کرنے والا درجہ کا
المعز	المذل	السمیع	البصیر	الحکم

انصاف کرنے والا	باریک بین	خبردار ہر چیز کا	بڑا بردبار	بزرگ تر	بخشنے والا
الشکور	العلی	الکبیر	الحفیظ	المقیت	الحسیب
شکر کرنے والوں کا قدردان	بلند مرتبہ	سب سے بڑا	نگہبان	توانا و روزی رسان	حساب کرنے والا
الجلیل	الکریم	الرقیب	المجیب	الواسع	الحکیم
بزرگ قدر	کرم کرنے والا	نگہبان خلق	قبول کرنے والا	وسعت دینے والا	دانا و درست گفتار
الودود	المجید	الباعث	الشہید	الحق	الوکیل
بہت دوست رکھنے والا	بزرگ ذات	اٹھانے والا	حاضر	ثابت	کارساز بندہ
القوی	المتین	الولی	الحمید	المحصی	المبدئ
قوت والا	مضبوط	دوست	تعریف کرنے والا	احاطہ کرنے والا	پیدا کرنے والا
المعید	المحیی	الممیت	الحی	القیوم	الواجد
پیدا کرنے والا دوبارہ	جلانے والا	مارنے والا	قائم	قائم رہنے والا	بے پرواہ
الماجد	الواحد	الاحد	الصمد	القادر	المقتدر
صاحب بزرگی کا	یکہ و تنہا	ایک	بے پروا	قدرت والا	قدرت ظاہر کرنے والا
المقدم	الموخر	الاوّل	الآخر	الظاہر	الباطن
آگے ڈالنے والا	پیچھے ڈالنے والا	سب سے اوّل	سب کے پیچھے	ظاہر	پوشیدہ سب سے
الوالی	المتعالی	البر	التواب	المنتقم	العفو
کارساز	بہت بڑے رتبہ والا	نیکوکار	توبہ کا قبول کرنے والا	بدلا لینے والا	معاف کرنے والا
الرؤف	مالک الملک	ذوالجلال	والاکرام	المقسط	الجامع
مہربان	مالک ملک	بزرگی والا اور	صاحب اکرام	انصاف کرنے والا	جمع کرنے والا

راہ دکھلانے والا	پیدا کرنے والا بلا نمونہ کے	ہمیشہ رہنے والا	رہنے والا بعد فنائے خلق کے	رہنما عالم کا	بردبار

ختم شد نود و نہ نام باری تعالیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اسماء النبی و صفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم

عن جبیر بن مطعم قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان لی اسماءً انا محمد وانا احمد وانا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر وانا الحاشر الذی یحشر الناس علیٰ قدمی وانا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی - متفق علیہ

(ترجمہ) جبیر بن مطعم روایت کرتے ہیں کہ سنا میں نے نبی صلعم سے آپ فرماتے ہیں کہ میرے بہت سے نام ہیں میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں اور ماحی وہ ہے جس کے ذریعہ سے اللہ کفر کو نیست و نابود کر دے اور میں حاشر ہوں اور حاشر وہ ہے جس کے اثر قدم پر قیامت کے دن لوگ اٹھینگے اور میں عاقب ہوں اور عاقب وہ ہے جس کے پیچھے کوئی نبی نہ آوے۔

اسماء سیدنا ونبینا ومولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم مائتان وواحد

وھی ھذہ

نیست کرنے والے کفر کے	مردوں کے اٹھانے والے	پیچھے آنے والے انبیاء کے	طالب شفاعت ہادی شریعت	سردار بشر کے	پاک و صاف
مطہر	طیب	سید	رسول	نبی	رسول الرحمۃ
پاک کیے گئے	پاک و پاکیزہ	سردار سب کے	رسول خدا کے	نبی اللہ کے	رسول رحمۃ الٰہی کے
قیم	جامع	مقتفی	مقفی	رسول الملاحم	رسول الراحۃ
قائم اور برامور امت کے	جامع کمالات	پیچھے آنے والے نبیوں کے	پیچھے آنے والے	پیغمبر معرکوں کفار کے	تمام مخلوق کے باعث آرام
کامل	اکلیل	مدثر	مزمل	عبد اللہ	حبیب اللہ
پورے	سرتاج انبیاء کے	لحاف میں لپٹے والے	جھرمٹ مارنے والے	اللہ کے بندے	اللہ کے پیارے
صفی اللہ	نجی اللہ	کلیم اللہ	خاتم الرسل	خاتم الانبیاء	محی
تمام عالم میں برگزیدہ	اللہ سے ہمکلام ہونیوالے	اللہ سے کلام کرنیوالے	ختم کرنیوالے رسولوں کے	ختم کرنیوالے انبیاء کے	زندہ کرنے والے
منجی	مذکر	ناصر	منصور	نبی الرحمۃ	نبی التوبۃ
نجات دینگے والے	نصیحت کرنے والے	مددگار امت کے	مدد دیے گئے اللہ کی طرف سے	نبی رحمت کے	نبی توبہ قبول ہونیکے
حریص	علیکم	معلوم	شہیر	شاہد	شہید
حرص کرنیوالے تمہارے ایمان لانے پر		جانے گئے کامل	مشہور جملہ اوصاف میں	گواہی دینے والے	گواہ
مشہود	بشیر	مبشر	نذیر	منذر	نور
گواہی دیئے گئے	خوشخبری دینے والے	خوشخبری پہنچانیوالے	ڈرانے والے	ڈر سنانے والے	نور اللہ کے
سراج	مصباح	ہدیٰ	مہدی	منیر	داع
چراغ ہر دو جہان	چراغ روشن	سراپا ہدایت	راہ دکھائے گئے	روشن	ہدایت کی طرف بلانیوالے
مدعو	مجیب	مجاب	حفی	عفو	ولی
بلائے گئے	جواب دینے والے	دعا کے قبول کیے گئے	مہربان	معاف کرنیوالے	دوست خدا کے

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دبدبے والے	محکم و استوار	ظاہر	اُمیدوار فضل خدا کے	ملانے والے	صاحب قوت
ذو حرمة	ذو مكانة	ذو عز	ذو فضل	مطاعٌ	مطيعٌ
صاحب بزرگی	بلند مرتبہ والے	عزت والے	بزرگی والے	اطاعت کئے گئے	فرمانبردار خدا کے
قدم صدق	رحمة	بشرىٰ	غوث	غيث	غياث
پیش رو نیک	رحمت اللہ کے	خوشخبری دینوالے	فریادرس	باران رحمت	سراسر فریادرسی
نعمة الله	هدية الله	عروة وثقىٰ	صراط الله	صراط مستقيم	ذكر الله
اللہ کی نعمت	تحفہ خدا کے	دستاویز استوار	راہ خدا کے	راہ راست	سبب یاد الٰہی
سيف الله	حزب الله	النجم الثاقب	مصطفىٰ	مجتبىٰ	منتقى
برہنہ تلوار خدا کے	لشکر خدا کے	چمکتے ہوئے تارے	چیدہ	چیدہ	چیدہ
اُمّیٌ	مختارٌ	اجيرٌ	جبار	ابو القاسم	ابو الطاهر
بے لکھے پڑھے	برگزیدہ	مزدوری دی گئے	نقصان کے پورا کرنیوالے	باپ قاسم کے	باپ طاہر کے
ابو الطيب	ابو ابراهيم	مشفعٌ	شفيعٌ	صالحٌ	مصلحٌ
باپ طیب کے	باپ ابراہیم کے	شفاعت قبول کئے گئے	سفارش کرنیوالے	نیکوکار	اصلاح کرنیوالے
مهيمنٌ	صادق	مصدق	صدق	سيد المرسلين	امام المتقين
نگہبان	سچے	تصدیق کئے گئے	سراپا راستی	سردار رسولوں کے	پیشوا پرہیزگاروں کے
قائد الغر المحجلين		خليل الرحمٰن	برٌّ	مبرٌّ	وجيهٌ
بہشت میں کھینچنے والے سفید پیشانی والوں کے		دوست رحمٰن کے	نیکوکار	نیکی کرنیوالے	خوبصورت
نصيح	ناصح	وكيل	متوكل	كفيل	شفيق
نصیحت گر	نصیحت کرنیوالے	کارساز بندوں کے	بھروسہ کرنیوالے	ضامن امت کے	بہت مہربان
مقيم السنة	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]
کفایت کرنے والے	پہنچنے والے عالی مرتبہ کے	پہنچانے والے عالی مرتبہ کے	صحت بخشنے والے		واصل بخدا
موصول	سابق	سائق	هادٍ	مُهدٍ	مقدم
ملے ہوئے اللہ سے	پہلے سب سے	ہانکنے والے	رہنما	راہ دکھلانے والے	پیشوا
عزیز	فاضل	مفضل	فاتح	مفتاح	مفتاح الرحمة
غالب	سب سے بزرگ	بزرگی دی گئے	کھولنے والے	کنجی خزائن اسرار کے	رحمت کی کنجی
مفتاح الجنة	علم الایمان	علم الیقین	دلیل الخیرات	مصحح الحسنات	مقیل العثرات
کنجی جنت کے	نشان ایمان کے	نشان یقین کے	راہ نما نیکیوں کے	صحیح کرنے والے نیکیوں کے	درگزر کرنے والے لغزشوں کے
صفوح عن الزلات	صاحب الشفاعة	صاحب المقام	صاحب القدم		مخصوص بالعز
درگزر کرنے والے گناہوں سے	صاحب شفاعت عظمیٰ کے	صاحب مقام محمود کے	صاحب آگے ہونیکے		خاص کئے گئے عزت میں
مخصوص بالمجد	مخصوص بالشرف	صاحب الوسیلة	صاحب السیف		صاحب الفضیلة
خاص لئے گئے بزرگی میں	خاص کئے گئے بزرگی میں	صاحب وسیلہ کے	صاحب تلوار کے		صاحب بزرگی کے
صاحب الازار	صاحب الحجة	صاحب السلطان	صاحب الرداء		صاحب الدرجة الرفیعة
صاحب ازار کے	صاحب دلیل کے	غلبہ اور قدرت والے	چادر والے		بلند مرتبہ والے
صاحب التاج	صاحب المغفر	صاحب اللواء	صاحب المعراج		صاحب القضیب
خداوند تاج کے	خود والے	صاحب نیزہ کے	صاحب معراج		صاحب عصا اور تلوار کے
صاحب البراق	صاحب الخاتم	صاحب العلامة	صاحب البرهان		صاحب البیان
صاحب براق کے	خاتم النبوۃ والے	صاحب علامات نبوۃ کے	استوار دلیل کے رکھنے والے		صاحب بیان روشن کے
فصیح اللسان	مطهر الجنان	رؤف	رحیم		اذن خیر
فصیح زبان والے	پاک دل	شفیق	مہربان		کان نیکی سننے کے
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]

بلند کرنیوالے رتبوں کے	کھولنے والے سختیوں کے	نشان ہدایت کے	خطیب اُمتوں کے	موجب برکت مخلوق کے

کریم المخرج	صاحب الفرج	عز العرب
بزرگ ہی جائے ظہور آپ کی	صاحب کشود کار	عزت عرب کی

صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحابہ واتباعہ وسلم

اللھم یا رب بجاہ نبیک المصطفٰی ورسولک المرتضٰی طہر قلوبنا من کل وصف تباعدنا عن مشاھدتک ومحبتک وامتنا علی السنۃ المرضیۃ والشوق الی لقائک یا ذا الجلال والاکرام وصلی اللہ علی سیدنا ومولانا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم تسلیما کثیرا کثیرا ۔ واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

(ختم شد کتاب چہل حدیث مع نود و نہ نام)

باری تعالٰی و تقدس و اسمائے گرامی سیدنا و شفیعنا و نبینا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم مائیتان و واحد ۔ بدست سراپا عیوب کثیر الذنوب خاکسار محمد یعقوب اسرائیلی نسباً و علیگڑھی موطناً بتاریخ ۱۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء مطابق ۳ صفر المظفر سنہ ۱۳۳۹ ھجری نبوی صلعم